لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۱	مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۱۰ ربیع الثانی سنہ ۱۳۳۷ھ مطابق ۱۳ جنوری سنہ ۱۹۱۹ء	نمبر ۲

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۱ و ۲	امداد گرانی	۱
۲	تقرر [illegible]	۲
۲	رخصت مفتی صاحب [illegible]	۳
ضمیمہ	نقشہ [illegible]	

روبکار اجلاس ہمایون بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۴ جنوری سنہ ۱۹۱۹ء

ملازمانِ فوج - پولیس - جیل کمپنی - قلعہ پولیس - خدمتگاران اور فراشان کا راشن الاونس بوجہ قحط سالی قبل ازین عارضی طور مقرر ہو چکا ہے - اب چونکہ غلہ بہت گران ہو گیا ہے - لہذا منظور ہے کہ باستثناء ملازمان صیغہ جات تحت

مصاحبان - مصروف خیر - سالانہ دار - نیاز یازدہم - مرثیہ خوان

ڈیوڑھیات مع کمسریان وغیرہ - کہاران پالکی خانہ - انعام و عنایات ارباب نشاط - اشترنگ ہنڈ - اوقاف - اوقاف غیر - چوکیداران شہر - چوکیداران علاقہ - پنشن داران - پٹواریان اور علاوہ اُنکے جو راشن الاونس پا رہے ہیں - بقیہ کل مستقل ملازمان ریاست کو جنکی تنخواہیں مع الاونس ساٹھ روپیہ ماہوار تک ہیں - یکم جنوری ۱۹۱۹ء سے چار ماہ کے لئے حسب تصریح مندرجہ ذیل مہنگائی دیا جانا منظور کیا جاتا ہے -

۱ - ملازمان جنکی تنخواہ مع الاونس پانچ روپیہ ماہوار تک ہے -
ایک روپیہ آٹھ آنے فی اسم

۲ - ملازمان جنکی تنخواہ مع الاونس پانچ روپیہ سے زیادہ ساٹھ روپیہ ماہوار تک ہے - ایک روپیہ ماہوار فی اسم

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا بہ رشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں فقط

[illegible]

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۱۰ جنوری ۱۹۱۹ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری تقرر بابو پرشاد کا بمشاہرہ بیس روپیہ ماہوار بجائے ہیرا داس انگلش کلرک آبکاری مسبب بجائے یٰسین خان سب انسپکٹر آبکاری منظور کیا گیا -

---

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲ جنوری ۱۹۱۹ء

تاریخ امروز سے رخصت ہشت یوم مفتی صاحب دیوانی کی بوجہ علالت منظور کی گئی - ایام رخصت میں معمولی کام صاحب جج خفیفہ انجام دینگے -

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۵ لغایت ۱۱ جنوری ۱۹۱۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۴ مار	۴ مار	۴ مار	۴۰ مار	۴ مار	۴۰ مار	
نخود خالص	۵۰ مار	۵ مار	۵ مار	۵۰ مار	۵ مار	۵ مار	
نخود کشتہ آمیز	۵۰ مار	۰	۵۰ مار	۵۰ مار	۵۰ مار	۶ مار	
کشتہ	۶ مار	۰	۶ مار	۵۰ مار	۶ مار	۶ مار	
ماش	۲۰ مار	۳ مار	۳ مار	۳ مار	۳ مار	۳ مار	
مونگ	۲۰ مار	۳ مار	۳۰ مار	۲۰ مار	۳ مار	۳ مار	
مکا	۵۰ مار	۶ مار	۵۰ مار	۵۰ مار	۶ مار	۵۰ مار	
جئی	۵۰ مار	۰	۰	۵۰ مار	۶ مار	۷ مار	
گوجئی	۰	۰	۵ مار	۰	۷ مار	۶ مار	
عدس	۵۰ مار	۰	۵ مار	۰	۵۰ مار	۰	
ارہر	۵۰ مار	۰	۶ مار	۰	۷ مار	۰	
برنج	۴ مار	۴ مار	۴ مار	۴ مار	۴ مار	۴ مار	
روغن زرد	۰ مار	۰ مار	۰ مار	۰ مار	۰ مار	۰ مار	
روغن سیاہ	۱۰ مار	۱ مار	۱ مار	۱ مار	۱ مار	۱ مار	
روغن کنجد	۱ مار	۱ مار	۱ مار	۰	۱ مار	۱ مار	
نمک سانبھر	۱۲ مار	۸ مار	۱۰ مار	۹ مار	۸ مار	۸ مار	
نمک لاہوری	۶ مار	۶ مار	۶ مار	۶ مار	۷ مار	۷ مار	
قند سیاہ	۵۰ مار	۶ مار	۶ مار	۴ مار	۵۰ مار	۵ مار	
باجرہ	۴۰ مار	۵ مار	۵ مار	۵ مار	۵ مار	۴۰ مار	